سوال

(172) حائضہ عورت کسی مردہ عورت کو غسل دے سکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حائضہ عورت کسی مردہ عورت کو غسل دے سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غسل دے سکتی ہے۔ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف میں ہوتے سر مبارک مسجد میں کھڑے ہو کر باہر کرتے، میں آپ کا سر مبارک دھو دیا کرتی تھی درانحالیکہ میں حیض والی ہوتی۔ (صحیح البخاري، كتاب الحيض، باب مباشرة الحائض)

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02

محدث فتویٰ